# دیوان اسد اللہ خان صاحب غالب تخلص

میرزا نوشہ صاحب مشہور کا دہلی میں سید محمد خان بہادر کی چھاپہ خانہ کے

لیتھوگراف پریس میں شہر شعبان

سنہ ۱۲۵۷ ہجری مطابق ماہ اکتوبر سنہ ۱۸۴۱ عیسوی کو سید عبد الغفور کے

اہتمام میں چھاپا ہوا

بسم الله الرحمن الرحیم

مشام نسیم آشنایان را صلای و نهاد انجمن نشینان را مژده که لختی از سامان مجمره
گردانی آماده و دامنی از عود هندی دست بهم داده است به چوب های نمک
زدوب خورده بنجار تا بهبعی شکسته بی اندام تراشیده بلکه به زخم کافته به کارد
ریزریز کرده سوهان خراشیده اید و ان نفس گداختگی شوق به جستجوی آتش
بارسی است که در گلخن های فنا افسرده و خاموش و از کف خاکستر مرگ خود
سیه پوش تیغ به زردی سلم از ناپاکی به استخوان فرده با هر شکستن وا زدوا
رشته شمع هزار گشته آویختن به آیینه دل گداختن سیر زدو زم افروختن را نشاید

[illegible] به صبح برافروزنده و آتش پرست را بیاد آورده نیم در آتش سوزندن
نیک پیداند که تیرو شده در هوای آن درخشنده اذر نعل در آتش است که بجستم بر دو نیفی
هوشنگ از سنگ برون تافته و در ایوان لهراسب نشو و نما یافته حسن را فروغ
است لاله رنگ دمغ را چشم و کده را چراغ بخشیده یزدان درون سخن
برافروز را سپاسم که شراری ازان آتش تابناک در خاکستر خویش یافته
بکاو بکاو سینه شکافته ام و از نفس دمه بران بر نهاده بو که در اندک مایه روزگار
آنمایه فراهم تواند آمد که مجمره را فروغ روشنائی چراغ و رایحه عود را بال تماشای
دماغ تواند بخشید بیمانا نگارنده این نامه را آن در سر است که پس از
انتخاب دیوان ریخته بگرد آوردن سرمایه دیوان فارسی برخیزد
و با مقتضاء کمال این فر یور زمین پیش زانوی خویشتن نشیند امید که سخن
سرایان سخنور ستای پراگنده ابیاتی را که خارج ازین اوراق یابند از آثار تراوش
رگ کلک این نامه سیاه نشناسند و جامع گرد آور را در ستایش و نکوهش آن
اشعار ممنون و ماخوذ نسگالند یارب این مجموعه بی هستی ماشنید و از عیب بینی

به پیدائی



به پیدائی نارسیده یعنی نصیر آمده نقاشش که به اسد الله خان موسوم
و به میرزا نوشه معروف و به غالب متخلص است چنانکه اکبرآبادی مولد
و دهلوی مسکن است فرجام کار بخیر بدفن نجف باد

## یا اسد الله الغالب

نقش فریادی ہے کس کی شوخیٔ تحریر کا — کاغذی ہے پیرہن ہر پیکر تصویر کا
کاو کاو سخت جانی ہائے تنہائی نہ پوچھ — صبح کرنا شام کا لانا ہے جوئے شیر کا
جذبۂ بے اختیار شوق دیکھا چاہیے — سینۂ شمشیر سے باہر ہے دم شمشیر کا
آگہی دام شنیدن جس قدر چاہے بچھائے — مدعا عنقا ہے اپنے عالم تقریر کا
بسکہ ہوں غالب اسیری میں بھی آتش زیر پا — موئے آتش دیدہ ہے حلقہ مری زنجیر کا

جراحت تحفہ الماس ارمغان داغ جگر — مبارکباد اسد غمخوار جان دردمند آیا

جز قیس اور کوئی نہ آیا بروئے کار — صحرا مگر بہ تنگی چشم حسود تھا

آشفتگی نی نقش سویدا کیا درست | ظاہر ہوا کہ داغ کا سرمایہ دود تہا
تہا خواب مین خیال کو تجہسی معاملہ | جب آنکہہ کہل گئی نہ زیان تہا نہ سود تہا
لیتا ہون مکتب غم دل مین سبق ہنوز | لیکن یہی کہ رفت گیا اور بود تہا
ڈہانپا کفن نی داغ عیوب برہنگی | مین ورنہ ہر لباس مین ننگ وجود تہا
تیشی بغیر مر نسکا کوہکن اسد | سرگشتہ خمار رسوم و قیود تہا

کہتی ہو نہ دینگی ہم دل اگر پڑا پایا | دل کہان کہ گم کیجی ہمنی مدعا پایا
عشق سی طبیعت نی زیست کا مزا پایا | درد کی دوا پائی درد بی دوا پایا
سادگی و پرکاری بیخودی و ہشیاری | حسن کو تغافل مین جرأت آزما پایا
غنچہ پہر لگا کہلنی آج ہمنی اپنا دل | خون کیا ہوا دیکہا گم کیا ہوا پایا
حال دل نہین معلوم لیکن اسقدر یعنی | ہمنی بارہا ڈہونڈا تمنی بارہا پایا
شور پند ناصح نی زخم پر نمک چہڑکا | آپسی کوئی پوچہی تمنی کیا مزا پایا
دوستدار دشمن ہی اعتماد دل معلوم | آہ بی اثر دیکہی نالہ نارسا پایا





دل میرا سوز نہان سی بی محابا جل گیا | آتش خاموش کی مانند گویا جل گیا
دلمین ذوق وصل و یاد یار تک باقی نہین | آگ اس گہر مین لگی ایسی کہ جو تہا جل گیا
مین عدم سی بہی پری ہون ورنہ غافل بارہا | میری آہ آتشین سی بال عنقا جل گیا
عرض کیجی جوہر اندیشہ کی گرمی کہان | کچہہ خیال آیا تہا وحشت کا کہ صحرا جل گیا
دل نہین تجہکو دکہاتا ورنہ داغونکی بہار | اس چراغان کا کرون کیا کارفرما جل گیا
مین ہون اور افسردگی کی آرزو غالب کہ دل | دیکہہ کر طرز تپاک اہل دنیا جل گیا

شوق ہر رنگ رقیب سر و سامان نکلا | قیس تصویر کی پردی مین بہی عریان نکلا
زخم نی داد نہ دی تنگی دل کی یارب | تیر بہی سینۂ بسمل سی پرافشان نکلا
بوی گل نالۂ دل دود چراغ محفل | جو تیری بزم سی نکلا سو پریشان نکلا
دل حسرت زدہ تہا مائدۂ لذت درد | کام یارونکا بقدر لب و دندان نکلا
تہی نوآموز فنا ہمت دشوار پسند | سخت مشکل ہی کہ یہہ کام بہی آسان نکلا

دل میں پھر گریہ نے اک شور اٹھایا غالب / آہ جو قطرہ نہ نکلا تھا سو طوفان نکلا

دھمکی میں مر گیا جو نہ باب نبرد تھا / عشق نبرد پیشہ طلبگار مرد تھا
تھا زندگی میں مرگ کا کھٹکا لگا ہوا / اڑنے سے پیشتر بھی مرا رنگ زرد تھا
تالیف نسخہ ہائے وفا کر رہا تھا میں / مجموعۂ خیال ابھی فرد فرد تھا
دل تا جگر کہ ساحل دریائے خوں ہے اب / اس رہگذر میں جلوۂ گل آگے گرد تھا
جاتی ہے کوئی کشمکش اندوہ عشق کی / دل بھی اگر گیا تو وہی دل کا درد تھا
احباب چارہ سازی وحشت نہ کر سکے / زنداں میں بھی خیال بیاباں نورد تھا
یہ لاش بے کفن اسد خستہ جاں کی ہے / حق مغفرت کرے عجب آزاد مرد تھا

شمار سبحہ مرغوب بت مشکل پسند آیا / تماشائے بیک کف بردن صد دل پسند آیا
بفیض بیدلی نومیدی جاوید آساں ہے / کشائش کو ہمارا عقدۂ مشکل پسند آیا
ہوائے سیر گل آئینۂ بے مہری قاتل / کہ انداز بخوں غلطیدن بسمل پسند آیا

دہر



دہر میں نقش وفا وجہ تسلی نہ ہوا / ہے یہ وہ لفظ کہ شرمندۂ معنی نہ ہوا
سبزۂ خط سے ترا کاکل سرکش نہ دبا / یہ زمرد بھی حریف دم افعی نہ ہوا
میں نے چاہا تھا کہ اندوہ وفا سے چھوٹوں / وہ ستمگر مرے مرنے پہ بھی راضی نہ ہوا
دل گذرگاہ خیال مے و ساغر ہی سہی / گر نفس جادۂ سر منزل تقوی نہ ہوا
ہوں ترے وعدہ نہ کرنے میں بھی راضی کہ کبھی / گوش منت کش گلبانگ تسلی نہ ہوا
کس سے محرومی قسمت کی شکایت کیجے / ہم نے چاہا تھا کہ مر جائیں سو وہ بھی نہ ہوا
مر گیا صدمۂ یک جنبش لب سے غالب / ناتوانی سے حریف دم عیسی نہ ہوا

ستائش گر ہے زاہد اس قدر جس باغ رضواں کا / وہ اک گلدستہ ہے ہم بیخودوں کے طاق نسیاں کا
بیاں کیا کیجیے بیداد کاوش ہائے مژگاں کا / کہ ہر یک قطرۂ خوں دانہ ہے تسبیح مرجاں کا
نہ آئی سطوت قاتل بھی مانع میرے نالوں کو / لیا دانتوں میں جو تنکا ہوا ریشہ نیستاں کا
دکھاؤں گا تماشا دی اگر فرصت زمانے نے / مرا ہر داغ دل اک تخم ہے سرو چراغاں کا

کیا آئینہ خانے کا وہ نقشہ تیرے جلوے نے
کرے جو پرتوِ خورشید عالم شبنمستاں کا

مری تعمیر میں مضمر ہے اک صورت خرابی کی
ہیولیٰ برقِ خرمن کا ہے خونِ گرم دہقاں کا

اُگا ہے گھر میں ہر سو سبزہ ویرانی تماشا کر
مدار اب کھودنے پر گھاس کے ہے میرے درباں کا

خموشی میں نہاں خوں گشتہ لاکھوں آرزوئیں ہیں
چراغِ مردہ ہوں میں بے زباں گورِ غریباں کا

ہنوز اک پرتوِ نقشِ خیالِ یار باقی ہے
دلِ افسردہ گویا حجرہ ہے یوسف کے زنداں کا

بغل میں غیر کی آج آپ سوتے ہیں کہیں ورنہ
سبب کیا خواب میں آ کر تبسم ہائے پنہاں کا

نہیں معلوم کس کس کا لہو پانی ہوا ہوگا
قیامت ہے سرشک آلودہ ہونا تیری مژگاں کا

نظر میں ہے ہماری جادۂ راہِ فنا غالب
کہ یہ شیرازہ ہے عالم کے اجزائے پریشاں کا

نہ ہوگا یک بیاباں ماندگی سے ذوق کم میرا
حبابِ موجۂ رفتار ہے نقشِ قدم میرا

محبت تھی چمن سے لیکن اب یہ بے دماغی ہے
کہ موجِ بوئے گل سے ناک میں آتا ہے دم میرا

سراپا رہنِ عشق و ناگزیرِ الفتِ ہستی
عبادت برق کی کرتا ہوں اور افسوس حاصل کا

بقدر



بقدرِ ظرف ہے ساقی خمارِ تشنہ کامی بھی
جو تو دریائے مے ہے تو میں خمیازہ ہوں ساحل کا

محرم نہیں ہے تو ہی نوا ہائے راز کا
یاں ورنہ جو حجاب ہے پردہ ہے ساز کا

رنگِ شکستہ صبحِ بہارِ نظارہ ہے
یہ وقت ہے شگفتنِ گلہائے ناز کا

تو اور سوئے غیر نظر ہائے تیز تیز
میں اور دکھ تری مژہ ہائے دراز کا

صرفہ ہے ضبطِ آہ میں میرا وگرنہ میں
طعمہ ہوں ایک ہی نفسِ جاں گداز کا

ہیں بسکہ جوشِ بادہ سے شیشے اچھل رہے
ہر گوشۂ بساط ہے سر شیشہ باز کا

کاوش کا دل کرے ہے تقاضا کہ ہے ہنوز
ناخن پہ قرض اس گرہِ نیم باز کا

تاراجِ کاوشِ غمِ ہجراں ہوا اسد
سینہ کہ تھا دفینہ گہر ہائے راز کا

شب کہ برقِ سوزِ دل سے زہرۂ ابر آب تھا
شعلۂ جوالہ ہر اک حلقۂ گرداب تھا

واں کرم کو عذرِ بارش تھا عناں گیرِ خرام
گریے سے یاں پنبۂ بالش کفِ سیلاب تھا

واں خود آرائی کو تھا موتی پرونے کا خیال
یاں ہجومِ اشک میں تارِ نگہ نایاب تھا

جلوۂ گل نے کیا تھا واں چراغاں آبجو — یاں رواں مژگان چشم تر سے خون ناب تھا
یاں سر پر شور بیخوابی سے تھا دیوار جو — واں وہ فرق ناز محو بالش کمخواب تھا
یاں نفس کرتا تھا روشن شمع بزم بیخودی — جلوۂ گل واں بساط صحبت احباب تھا
فرش سے تا عرش واں طوفاں تھا موج رنگ کا — یاں زمیں سے آسماں تک سوختن کا باب تھا
ناگہاں اس رنگ سے خونابہ ٹپکانے لگا — دل کہ ذوق کاوش ناخن سے لذت یاب تھا
نالۂ دل میں شب انداز اثر نایاب تھا — تھا سپند بزم وصل غیر گو بیتاب تھا
مقدم سیلاب سے دل کیا نشاط آہنگ ہے — خانۂ عاشق مگر ساز صدائے آب تھا
نازش ایام خاکستر نشینی کیا کہوں — پہلوئے اندیشہ وقف بستر سنجاب تھا
کچھ نہ کی اپنے جنون نارسا نے ورنہ یاں — ذرہ ذرہ روکش خورشید عالمتاب تھا
آج کیوں پروا نہیں اپنے اسیروں کی تجھے — کل تلک تیرا بھی دل مہر و وفا کا باب تھا
یاد کر وہ دن کہ ہر یک حلقہ تیرے دام کا — انتظار صید میں اک دیدۂ بیخواب تھا

میں نے روکا رات غالب کو وگرنہ دیکھتے
اوسکے سیل گریہ میں گردوں کف سیلاب تھا



ایک ایک قطرہ کا مجھے دینا پڑا حساب — خون جگر ودیعت مژگان یار تھا
اب میں ہوں اور ماتم یک شہر آرزو — توڑا جو تو نے آئینہ تمثال دار تھا
گلیوں میں میری نعش کو کھینچے پھرو کہ میں — جاں دادۂ ہوائے سر رہگزار تھا
موج سراب دشت وفا کا نہ پوچھ حال — ہر ذرہ مثل جوہر تیغ آبدار تھا
کم جانتے تھے ہم بھی غم عشق کو پر اب — دیکھا تو کم ہوئے پہ غم روزگار تھا

بسکہ دشوار ہے ہر کام کا آساں ہونا — آدمی کو بھی میسر نہیں انساں ہونا
گریہ چاہے ہے خرابی مرے کاشانے کی — در و دیوار سے ٹپکے ہے بیاباں ہونا
وائے دیوانگی شوق کہ ہر دم مجھکو — آپ جانا ادھر اور آپ ہی حیراں ہونا
جلوہ از بسکہ تقاضائے نگہ کرتا ہے — جوہر آئینہ بھی چاہے ہے مژگاں ہونا
عشرت قتلگہ اہل تمنا مت پوچھ — عید نظارہ ہے شمشیر کا عریاں ہونا
لے گئے خاک میں ہم داغ تمنائے نشاط — تو ہو اور آپ بصد رنگ گلستاں ہونا
عشرت پارۂ دل زخم تمنا کھانا — لذت ریش جگر غرق نمکداں ہونا

کی مرے قتل کے بعد اوس نے جفا سے توبہ — ہائے اوس زود پشیماں کا پشیماں ہونا

حیف اوس چار گرہ کپڑے کی قسمت غالب — جس کی قسمت میں ہو عاشق کا گریباں ہونا

شب خمار شوق ساقی رستخیز اندازہ تھا — تا محیط بادہ صورت خانہ خمیازہ تھا

یک قدم وحشت سے درس دفتر امکاں کھلا — جادہ اجزای دو عالم دشت کا شیرازہ تھا

مانع وحشت خرامی ہای لیلی کون ہے — خانہ مجنون صحرا گرد بی دروازہ تھا

پوچھ مت رسوائی انداز استغنای حسن — دست مرہون حنا رخسار رہن غازہ تھا

نالہ دل نے دیے اوراق لخت دل بباد — یادگار نالہ یک دیوان بی شیرازہ تھا

دوست غمخواری میں میری سعی فرماوینگے کیا — زخم کے بھرنے تلک ناخن نہ بڑھ جاوینگے کیا

حضرت ناصح جو آویں دیدہ و دل فرش راہ — کوئی مجھکو یہ تو سمجھا دو کہ سمجھاوینگے کیا

بی نیازی حد سے گذری بندہ پرور کب تلک — ہم کہینگے حال دل اور آپ فرماوینگے کیا

آج واں تیغ و کفن باندھے ہوے جاتا ہوں میں — عذر میرے قتل کرنے میں وہ اب لاوینگے کیا

گر کیا



گر کیا ناصح نے ہمکو قید اچھا یوں سہی — یہ جنون عشق کے انداز چھٹ جاوینگے کیا

خانہ زاد زلف ہیں زنجیر سے بھاگینگے کیوں — ہیں گرفتار وفا زندان سے گھبراوینگے کیا

ہے اب اس معمورہ میں قحط غم الفت اسد — ہمنے یہ مانا کہ دلی میں رہیں کھاوینگے کیا

ہوس کو ہے نشاط کار کیا کیا — نہ ہو مرنا تو جینے کا مزا کیا

تجاہل پیشگی سے مدعا کیا — کہاں تک اے سراپا ناز کیا کیا

نوازشہای بیجا دیکھتا ہوں — شکایتہای رنگین کا گلا کیا

نگاہ بی محابا چاہتا ہوں — تغافلہای تمکین آزما کیا

فروغ شعلہ خس یک نفس ہے — ہوس کو پاس ناموس وفا کیا

نفس موج محیط بیخودی ہے — تغافلہای ساقی کا گلا کیا

دماغ عطر پیراہن نہیں ہے — غم آوارگیہای صبا کیا

دل ہر قطرہ ہے ساز انا البحر — ہم اوسکے ہیں ہمارا پوچھنا کیا

سن اے غارتگر جنس وفا سن — شکست قیمت دل کی صدا کیا

کیا کس نے جگر داری کا دعوی
شکیب خاطر عاشق بھلا کیا

یہ قاتل وعدۂ صبر آزما کیون
یہ کافر فتنۂ طاقت ربا کیا

بلای جان ہی غالب اوسکی ہر بات
اشارت کیا عبارت کیا ادا کیا

اسد ہم وہ جنون جولان گدای بی سر و پا ہین
کہ ہی سر پنجۂ مژگان آہو پشت خار اپنا

پی نذر کرم تحفہ ہی شرم نارسائی کا
بخون غلطیدۂ صد رنگ دعوی پارسائی کا

نہو حسن تماشا دوست رسوا بیوفائی کا
بمہر صد نظر ثابت ہی دعوی پارسائی کا

زکوۃ حسن دی ای جلوۂ بینش کہ مہر آسا
چراغ خانۂ درویش ہو کاسہ گدائی کا

نہ مارا جانکر بی جرم غافل تیری گردن پر
رہا مانند خون بیگنہ حق آشنائی کا

تمنای زبان محو سپاس بیزبانی ہی
مٹا جس سی تقاضا شکوۂ بیدست و پائی کا

وہی اک بات ہی جو یہان نفس وہان نکہت گل ہی
چمن کا جلوہ باعث ہی میری رنگین نوائی کا

دہان ہر بت پیغارہ جو زنجیر رسوائی
عدم تک بیوفا چرچا ہی تیری بیوفائی کا

نہ دی



نہ دی نامی کو اتنا طول غالب مختصر لکھدی
کہ حسرت سنج ہون عرض ستم ہای جدائی کا

گر نہ اندوہ شب فرقت بیان ہو جائیگا
بی تکلف داغ مہ مہر دہان ہو جائیگا

زہرہ گر ایسا ہی شام ہجر مین ہوتا ہی آب
پرتو مہتاب سیل خانمان ہو جائیگا

لی تو لون سوتی مین اوسکی پانو کا بوسا مگر
ایسی باتون سی وہ کافر بدگمان ہو جائیگا

دلکو ہم صرف وفا سمجھی تہی کیا معلوم تہا
یعنی یہہ پہلی ہی نذر امتحان ہو جائیگا

سبکی دل مین ہی جگہ تیری جو تو راضی ہوا
مجہہ پہ گویا اک زمانا مہربان ہو جائیگا

گر نگاہ گرم فرماتی رہی تعلیم ضبط
شعلہ خس مین جیسی خون رگ مین نہان ہو جائیگا

باغ مین مجہکو نہ لیجا ورنہ میری حال پر
ہر گل تر ایک چشم خونفشان ہو جائیگا

وای گر میرا تیرا انصاف محشر مین نہو
اب تلک تو یہہ توقع ہی کہ وان ہو جائیگا

فایدہ کیا سوچ آخر تو بہی دانا ہی اسد
دوستی نادان کی ہی جی کا زیان ہو جائیگا

گلا ہی شوق کو دل مین بہی تنگی جا کا
گہر مین محو ہوا اضطراب دریا کا

یہ جانتا ہوں کہ تو اور پاسخِ مکتوب
مگر ستم زدہ ہوں ذوقِ خامہ فرسا کا

حنائے پائے خزاں ہے بہار اگر ہے یہی
دوامِ کلفتِ خاطر ہے عیش دنیا کا

غمِ فراق میں تکلیفِ سیرِ باغ نہ دو
مجھے دماغ نہیں خندہ ہائے بیجا کا

ہنوز محرمیِ حسن کو ترستا ہوں
کرے ہے ہر بنِ مو کام چشمِ بینا کا

دل اس کو پہلے ہی ناز و ادا سے دے بیٹھے
ہمیں دماغ کہاں حسن کے تقاضا کا

نہ کہہ کہ گریہ بہ مقدارِ حسرتِ دل ہے
مری نگاہ میں ہے جمع و خرچ دریا کا

فلک کو دیکھ کے کرتا ہوں اس کو یاد اسد
جفا میں اس کی ہے انداز کارفرما کا

قطرۂ مے بس کہ حیرت سے نفس پرور ہوا
خطِ جامِ مے سراسر رشتۂ گوہر ہوا

اعتبارِ عشق کی خانہ خرابی دیکھنا
غیر نے کی آہ لیکن وہ خفا مجھ پر ہوا

جب بہ تقریبِ سفر یار نے محمل باندھا
تپشِ شوق نے ہر ذرے پہ اک دل باندھا

اہلِ بینش نے بہ حیرت کدۂ شوخیِ ناز
جوہرِ آئینہ کو طوطیِ بسمل باندھا



یاس و امید نے اک عربدہ میداں مانگا
عجزِ ہمت نے طلسمِ دلِ سائل باندھا

نہ بندھے تشنگیِ شوق کے مضموں غالب
گرچہ دل کھول کے دریا کو بھی ساحل باندھا

یک ذرۂ زمیں نہیں بیکار باغ کا
یاں جادہ بھی فتیلہ ہے لالے کے داغ کا

بے مے کسے ہے طاقتِ آشوبِ آگہی
کھینچا ہے عجزِ حوصلہ نے خط ایاغ کا

تازہ نہیں ہے نشۂ فکرِ سخن مجھے
کہتے ہیں جس کو عشق خلل ہے دماغ کا

سو بار بندِ عشق سے آزاد ہم ہوئے
پر کیا کریں کہ دل ہی عدو ہے فراغ کا

بے خونِ دل ہے چشم میں موجِ نگہ غبار
یہ میکدہ خراب ہے مے کے سراغ کا

باغِ شگفتہ تیرا بساطِ نشاطِ دل
ابرِ بہار خمکدہ کس کے دماغ کا

وہ میری چینِ جبیں سے غمِ پنہاں سمجھا
رازِ مکتوب بہ بے ربطیِ عنواں سمجھا

یک الف بیش نہیں صیقلِ آئینہ ہنوز
چاک کرتا ہوں میں جب سے کہ گریباں سمجھا

شرحِ اسبابِ گرفتاریِ خاطر مت پوچھ
اس قدر تنگ ہوا دل کہ میں زنداں سمجھا

بدگمانی نے نہ چاہا اوسے سرگرم خرام — رخ پہ ہر قطرہ عرق دیدۂ حیراں سمجھا
عجز نے یہ جانا کہ وہ بدخو ہوگا — نبض خس سے تپش شعلۂ سوزاں سمجھا
سفر عشق میں کی ضعف نے راحت طلبی — ہر قدم سایہ کو میں اپنے شبستاں سمجھا
تھا گریزاں مژۂ یار سے دل تا دم مرگ — دفع پیکان قضا اس قدر آساں سمجھا
دل دیا جان کے کیوں اوسکو وفادار اسد — غلطی کی کہ جو کافر کو مسلماں سمجھا

پھر مجھے دیدۂ تر یاد آیا — دل جگر تشنۂ فریاد آیا
دم لیا تھا نہ قیامت نے ہنوز — پھر ترا وقت سفر یاد آیا
سادگی ہاے تمنا یعنے — پھر وہ نیرنگ نظر یاد آیا
عذر واماندگی اے حسرت دل — نالہ کرتا تھا جگر یاد آیا
زندگی یوں بھی گزر ہی جاتی — کیوں ترا راہ گزر یاد آیا
آہ وہ جرأت فریاد کہاں — دل سے تنگ آ کے جگر یاد آیا
پھر ترے کوچہ کو جاتا ہے خیال — دل گم گشتہ مگر یاد آیا

کیا ہی



کیا ہی رضواں سے لڑائی ہوگی — گھر ترا خلد میں گر یاد آیا
کوئی ویرانی سی ویرانی ہے — دشت کو دیکھ کے گھر یاد آیا
میں نے مجنوں پہ لڑکپن میں اسد — سنگ اوٹھایا تھا کہ سر یاد آیا

لب خشک در تشنگی مردگاں کا — زیارت کدہ ہوں دل آزردگاں کا
ہمہ ناامیدی ہمہ بدگمانی — میں دل ہوں فریب وفا خوردگاں کا

تو دوست کسو کا بھی ستمگر نہ ہوا تھا — اوروں پہ ہے وہ ظلم کہ مجھ پر نہ ہوا تھا
چھوڑا مہ نخشب کی طرح دست قضا نے — خورشید ہنوز اوسکے برابر نہ ہوا تھا
توفیق باندازۂ ہمت ہے ازل سے — آنکھوں میں ہے وہ قطرہ کہ گوہر نہ ہوا تھا
جب تک کہ نہ دیکھا تھا قد یار کا عالم — میں معتقد فتنۂ محشر نہ ہوا تھا
میں سادہ دل آزردگی یار سے خوش ہوں — یعنی سبق شوق مکرر نہ ہوا تھا
دریائے معاصی تنک آبی سے ہوا خشک — میرا سر دامن بھی ابھی تر نہ ہوا تھا

جاری تھی اسد داغ جگر سی میری تحصیل — آتشکدہ جاگیر سمندر نہ ہوا تھا

شب کہ وہ مجلس فروز خلوت ناموس تھا — رشتۂ ہر شمع خار کسوت فانوس تھا
مشہد عاشق سی کوسوں تک جو اوگتی ہی حنا — کسقدر یارب ہلاک حسرت پابوس تھا
حاصل الفت نہ دیکھا جز شکست آرزو — دل بدل پیوستہ گویا یک لب افسوس تھا
کیا کہوں بیماری غم کی فراغت کا بیاں — جو کہ کھایا خون دل بی منت کیموس تھا

آئینہ دیکھ اپنا سا منہ لیکی رہ گئے — صاحب کو دل نہ دینی پہ کتنا غرور تھا
قاصد کو اپنی ہاتھ سی گردن نہ ماریے — اوسکی خطا نہیں ہی یہ میرا قصور تھا

عرض نیاز عشق کی قابل نہیں رہا — جس دل پہ ناز تھا مجھی وہ دل نہیں رہا
جاتا ہوں داغ حسرت ہستی لیی ہوئی — ہوں شمع کشتہ درخور محفل نہیں رہا
مرنی کی ای دل اور ہی تدبیر کر کہ میں — شایان دست و بازوی قاتل نہیں رہا

باردیف



بر روی شش جہت در آئینہ باز ہے — یاں امتیاز ناقص و کامل نہیں رہا
وا کر دیی ہیں شوق نی بند نقاب حسن — غیر از نگاہ اب کوئی حائل نہیں رہا
گو میں رہا رہین ستمہای روزگار — لیکن تیری خیال سی غافل نہیں رہا
دل سی ہوای کشت وفا مٹ گئی کہ واں — حاصل سوای حسرت حاصل نہیں رہا
بیداد عشق سی نہیں ڈرتا مگر اسد — جس دل پہ ناز تھا مجھی وہ دل نہیں رہا

رشک کہتا ہی کہ اوسکا غیر سی اخلاص حیف — عقل کہتی ہی کہ وہ بی مہر کسکا آشنا
ذرہ ذرہ ساغر میخانۂ نیرنگ ہے — گردش مجنوں بچشمک ہای لیلا آشنا
شوق ہی ساماں طراز نازش ارباب عجز — ذرہ صحرا دستگاہ و قطرہ دریا آشنا
میں اور اک آفت کا ٹکڑا وہ دل وحشی کہ ہے — عافیت کا دشمن اور آوارگی کا آشنا
شکوہ سنج رشک ہمدیگر نہ رہنا چاہیی — میرا زانو مونس اور آئینہ تیرا آشنا
کوہکن نقاش یک تمثال شیریں تھا اسد — سنگ سے سر مار کر ہووی نہ پیدا آشنا

سرمۂ مفتِ نظر ہوں مری قیمت یہ ہے — کہ رہے چشمِ خریدار پہ احساں میرا
رخصتِ نالہ مجھے دے کہ مبادا ظالم — تیرے چہرے سے ہو ظاہر غمِ پنہاں میرا

غافل بہ وہمِ ناز خود آرا ہے ورنہ یاں — بے شانۂ صبا نہیں طرہ گیاہ کا
بزمِ قدح سے عیشِ تمنا نہ رکھ کہ رنگ — صید ز دام جستہ ہے اس دام گاہ کا
رحمت اگر قبول کرے کیا بعید ہے — شرمندگی سے عذر نہ کرنا گناہ کا
مقتل کو کس نشاط سے جاتا ہوں میں کہ ہے — پُر گل خیالِ زخم سے دامن نگاہ کا
جاں در ہوائے یک نگہِ گرم ہے اسدؔ — پروانہ ہے وکیل ترے داد خواہ کا

لطافت بے کثافت جلوہ پیدا کر نہیں سکتی — چمن زنگار ہے آئینۂ بادِ بہاری کا
حریفِ جوششِ دریا نہیں خودداریٔ ساحل — جہاں ساقی ہو تو باطل ہے دعویٰ ہوشیاری کا

عشرتِ قطرہ ہے دریا میں فنا ہو جانا — درد کا حد سے گزرنا ہے دوا ہو جانا

تجھ سے



تجھ سے قسمت میں مری صورتِ قفلِ ابجد — تھا لکھا بات کے بنتے ہی جدا ہو جانا
دل ہوا کشمکشِ چارۂ زحمت میں تمام — مٹ گیا گھسنے میں اس عقدے کا وا ہو جانا
اب جفا سے بھی ہیں محروم ہم اللہ اللہ — اس قدر دشمنِ اربابِ وفا ہو جانا
ضعف سے گریہ مبدل بہ دمِ سرد ہوا — باور آیا ہمیں پانی کا ہوا ہو جانا
دل سے مٹنا تری انگشتِ حنائی کا خیال — ہو گیا گوشت سے ناخن کا جدا ہو جانا
ہے مجھے ابرِ بہاری کا برس کر کھلنا — روتے روتے غمِ فرقت میں فنا ہو جانا
گر نہیں نکہتِ گل کو ترے کوچے کی ہوس — کیوں ہے گردِ رہِ جولانِ صبا ہو جانا
بخشے ہے جلوۂ گل ذوقِ تماشا غالبؔ — چشم کو چاہیے ہر رنگ میں وا ہو جانا
تاکہ تجھ پر کھلے اعجازِ ہوائے صیقل — دیکھ برسات میں سبز آئینے کا ہو جانا

## ردیف الباء الموحدہ

پھر ہوا وقت کہ ہو بال کشا موجِ شراب — دے بطِ مے کو دل و دستِ شنا موجِ شراب
پوچھ مت وجہِ سیہ مستیٔ اربابِ چمن — سایۂ تاک میں ہوتی ہے ہوا موجِ شراب
جو ہوا غرقۂ مے بختِ رسا رکھتا ہے — سر سے گزرے پہ بھی ہے بالِ ہما موجِ شراب